السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

حمام میں ایسے کاغذات لے کر جانے کے بارے میں کیا حکم ہے، جن پر اللہ کا نام لکھا ہو؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

حمام میں ایسے کاغذات لے جانا جائز ہے، جن میں اللہ کا نام ثبت ہو، بشرطیکہ وہ کاغذات جیب میں ہوں ظاہر نہ ہوں مخفی اور مستور ہوں۔ مسلمانوں کے اکثر وبیشتر نام اللہ عزوجل کے نام سے خالی نہیں ہوتے: مثلاً: عبداللہ (اور عبدالعزیز وغیرہ۔ (اور یہ نام کاغذات پر لکھے ہوتے ہیں اور کاغذات جیب میں ہوتے ہیں)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ارکان اسلام

عقائد کے مسائل: صفحہ 195

محدث فتویٰ